**KHYBER PAKHTUNKHWA PUBLIC SERVICE COMMISSION**
**COMPETITIVE EXAMINATION FOR THE POST OF**
**PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICES OFFICERS, 2022**

**URDU (PAPER-I)**

**Time Allowed: 03 Hours** | **Max Marks: 100**

---

## حصہ اوّل

**سوال نمبر1:** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر جامع مضمون قلمبند کیجئے: (25)

i. اردو زبان کا ارتقا
ii. انٹرنیٹ اور تعلیمی ترقی
iii. ہمارے سیاحتی مقامات

**سوال نمبر2:** درج ذیل میں سے کسی دو پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

i. اردو کی صوفیانہ شاعری
ii. اقبال اور مسلم تشخیص
iii. ترقی پسند تحریک

**سوال نمبر3:** موزوں عنوان کے ساتھ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے جو ایک تہائی سے زائد نہ ہو۔ (15)

زبان دریا کی طرح ہوتی ہے۔ یہ اپنے راستے خود بناتی ہے۔ کس زبان سے کون سالفظ لے کر اپنے اندر جذب کرنا ہے، کون سالفظ باہر اُگل دینا ہے، اس کا فیصلہ زبان خود کرتی ہے۔ عام آدمی کو بھی معلوم ہے کہ اردو کا خمیر آمیزش اور امتزاج سے اُٹھا ہے۔ انگریزی کے سیکڑوں الفاظ گاؤں گاؤں اور قصبے قصبے میں بولے اور سمجھے جاتے ہیں۔ اردو کے چند نادان دوست لاکھوں کروڑوں لوگوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ کروڑوں لوگ اگر عام زندگی میں ہسپتال کا لفظ استعمال کر رہے ہیں تو کوئی بھی انہیں شفا خانہ بولنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ اسی طرح نکٹائی کو "گردن باندھ"، فیس بک (FACEBOOK) کو "کتاب چہرہ" وغیرہ کہنا اردو زبان کی ترقی اور وسعت کا ذریعہ نہیں بن سکتا۔ ایجادات سب جن کی ہیں، نام اور اصطلاحات بھی انہی کی استعمال ہو نگی۔

## حصہ دوم

**نوٹ:** کوئی سے دو سوالوں کے جوابات لکھیے۔

**سوال نمبر4:** فورٹ ولیم کالج کے اہم مصنفین کی ادبی کاوشوں کا جائزہ لیجئے۔ (20)

**سوال نمبر5:** سرسید نے ادب کو زندگی کی ترجمانی کا ذریعہ بنایا، اپنا موقف پیش کیجئے۔ (20)

**سوال نمبر6:** خطوط غالب کی نمایاں خصوصیات بیان کیجئے۔ (20)

**سوال نمبر7:** کیا اردو میں قومی شاعری کا آغاز "مسدسِ حالی" سے ہوتا ہے؟ (20)

**سوال نمبر8:** کیا قومی وحدت کے لئے اردو کا پاکستان کی دیگر قومی زبانوں سے باہمی ربط ناگزیر ہے۔ (20)

CamScanner